قائداعظم ٹرافی کا آغاز۔ محمد عثمان کے 99 اور خرم منظور کے 87 رنز

لاہور10 ستمبر،2023:

پاکستان کا ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 24-2023 قائداعظم ٹرافی کے ساتھ شروع ہوگیا جس میں آٹھ ٹیمیں شریک ہیں۔

اتوار کے روز سے چار میچوں کا آغاز ہوا۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں راولپنڈی نے فاٹا کو ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ دی جس نے پہلے دن کھیل ختم ہونے پر ستاون اوورز میں پانچ وکٹوں پر 196 رنز بنائے تھے۔ فاٹا کی اننگز کی خاص بات محمد عثمان اور خوشدل شاہ کی عمدہ بیٹنگ تھی۔ محمد عثمان نے پندرہ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 99 رنز اسکور کیے۔ خوشدل شاہ نے 64 رنز بنائے جس میں چھ چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔

ایبٹ آباد میں پشاور ریجن اور کراچی ریجن کے میچ کے پہلے دن پشاور نے ٹاس جیت کر کراچی کو بیٹنگ دی جس نے چھ وکٹوں پر 267 رنز بنائے تھے۔ خرم منظور نے آٹھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 87 رنز اسکور کیے۔ اسد شفیق نے 70 رنز بنائے جس میں نو چوکے شامل تھے۔ کپتان سرفراز احمد 28 رنز پر ناٹ آؤٹ ہیں۔
پشاور کی طرف سے محمد الیاس نے 61 رنز دے کر چار وکٹیں حاصل کیں۔

لاہور وائٹس اور لاہور بلوز کے درمیان قذافی اسٹیڈیم میں ہونے والے میچ کا ٹاس لاہور وائٹس نے جیتا اور لاہور بلوز کو بیٹنگ دی جس نے سات وکٹوں پر 247 رنز بنائے تھے جس میں حسین طلعت اور جنید علی کی نصف سنچریاں شامل تھیں۔ حسین طلعت 61 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ جنید علی 51 رنز پر ناٹ آؤٹ ہیں۔

شعیب اختر اسٹیڈیم راولپنڈی میں ملتان ریجن نے فیصل آباد ریجن کے خلاف میچ میں ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور 43 اوورز کے کھیل میں 145 رنز بنائے تھے اور اس کے دو کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔ زین عباس نے سات چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 65 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔

-ENDS-

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial